"فضیلت قرآن"

حضرت مفتی الٰہی بخش کاندھلوی رحمہ اللہ نے یہ رسالہ ایک خاتون کی فرمائش پر "فضل القرآن" کے عنوان سے ۱۲۳۳ھ میں فارسی میں تحریر فرمایا تھا۔ جس کا ترجمہ مولانا نورالحسن راشد (کاندھلوی) نے "فضیلت قرآن" کے نام سے کیا ہے۔ جس میں قرآن مجید کی تلاوت پر اجر و ثواب اور ساتھ ہی تلاوت قرآن سے متعلق اہم مسائل، ہدایات و آداب، ذکر، کلمہ طیبہ، استغفار، درود شریف اور چند مخصوص سورتوں کے فضائل مستند کتبِ حدیث سے باحوالہ درج کیے گئے ہیں۔ ۵۱ صفحات کا یہ رسالہ خط لکھ کر اس پتہ سے مفت حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ندوۃ المعارف۔ ۱۳ کبیر سٹریٹ، اُردو بازار لاہور۔

ترحیم

مسافرانِ آخرت

جناب محمد یعقوب مرحوم: مجلس احرارِ اسلام تلہ گنگ کے کارکن جناب خالد فاروق کے چچا اور محمد اشفاق مرحوم کے والد جناب محمد یعقوب طویل علالت کے بعد گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

بابامیاں محمد مرحوم:۔ مجلس احرارِ اسلام تلہ گنگ کے قدیم کارکن بابامیاں محمد صاحب مختصر علالت کے بعد رحلت کر گئے۔ مرحوم، مجلس احرارِ اسلام کے معاونین بھائی ربنواز کے والد اور عزیزم احمد نواز کے دادا جان تھے۔

شیخ عبدالرزاق مرحوم:۔ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے قدیم کارکن محترم شیخ عبدالرزاق صاحب۔ ۲۴ ستمبر ۱۹۹۹ء کو انتقال کر گئے۔ مرحوم طویل عرصہ سے علیل تھے۔ آپ مقامی احرار کارکن شیخ فضل الرحمن، شیخ خلیل الرحمن، عتیق الرحمن کے چچا اور شیخ عبداللطیف کے بھائی تھے۔

محمد جاوید اختر مرحوم: ہمارے نہایت کرم فرما اور سلیمی دواخانہ ملتان کے مالک محترم مسعود اختر صاحب، حسنین اختر صاحب کے بھائی جناب محمد جاوید اختر صاحب ۲۸۔ ستمبر ۱۹۹۹ء کو مانچسٹر میں انتقال کر گئے۔ وہ محترم سلیم اللہ خان مرحوم کے فرزند اور حضرت حکیم محمد حنیف اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے بھتیجے تھے۔ خاندانِ امیرِ شریعت کے ساتھ اس خاندان کا محبت و خلوص کا تعلق نصف صدی پر محیط ہے۔ مرحوم ایک ہنس مکھ اور محبت و خلوص کے پیکر انسان تھے۔ حضرت حکیم صاحب مرحوم کے خاندان کے لیے اُن کی موت بہت گہرا صدمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔

اللہ تعالیٰ ان تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، خطاؤں کو معاف فرمائے اور حسنات قبول فرما کر جنت الفردوس عطاء فرمائے۔ (آمین) اراکین ادارہ دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ اپنی دعاؤں میں ان حضرات کو بھی شامل فرمالیں اور ان کے ایصال ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔ اس کارِ خیر پر اللہ تعالیٰ بہت اجر عطاء فرمائیں گے۔ (ادارہ)